★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 332 بروز جمعہ 28 اگست 2026ء 14 ربیع الاول 1448ھ..... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

اسپیشل برانچ کوئٹہ کے انسپکٹر شکیل الرحمن کو ڈی ایس پی اسپیشل برانچ بلوچستان تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) اسپیشل برانچ کوئٹہ کے انسپکٹر شکیل الرحمن کو ڈی ایس پی اسپیشل برانچ بلوچستان تعینات کر دیا گیا سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق انسپکٹر شکیل الرحمن کو ڈی ایس پی اسپیشل برانچ کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔

جنگ اسٹاپ کے قریب حادثاتی طور پر اسلحہ چل جانے سے 3 اہلکار زخمی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر جنگ اسٹاپ کے قریب حادثاتی طور پر اسلحہ چل جانے سے 3 اہلکار زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب جنگ اسٹاپ کے قریب ڈیوٹی ختم کرکے واپس جانے والے 3 اے ٹی ایف اہلکاروں سے حادثاتی طور پر اسلحہ چل جانے سے گولی لگنے سے تینوں اہلکار زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور ابتدائی علاج معالجے کے بعد انہیں ہسپتال سے فارغ کر دیا گیا۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر کوئٹہ نے کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن واستحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح وبہبود اور مختلف وفاقی وصوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا جائزہ لیا

کوئٹہ میں 28 واں دفاعی جائزہ اجلاس

صوبے میں امن واستحکام اور سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ

ہر تین ہفتوں بعد منعقد ہونے والے دفاعی وجائزہ اجلاس کا بنیادی مقصد سابقہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، درپیش مسائل کی نشاندہی کرنا اور ان کے حل کیلئے مربوط حکمت عملی اختیار کرنا ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن و استحکام اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28 واں دفاعی و جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر کوئٹہ نے کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن و استحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح وبہبود اور مختلف وفاقی وصوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان کے درخشاں مستقبل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا اجلاس میں صوبائی و وفاقی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں کو مزید موثر بنانے، باہمی رابطہ اور تعاون کو بہتر بنانے سمیت صوبے کے وسیع تر مفاد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

بلوچستان میں فضائی رابطوں کا فروغ صوبے کی معاشی وسماجی ترقی کیلئے اہم ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تیسرا اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ڈائریکٹر ایوی ایشن کیپٹن علی آزاد اور بورڈ آف ڈائریکٹرز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

قومی اتفاق، یکجہتی اور حقیقی سیاسی عمل ہی بلوچستان کے سیاسی، سماجی، انتظامی بحرانوں کا حل ہے، لشکری رئیسانی



کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں قدیم سے آباد سیٹلرز وفاق کی طرف دیکھنے کی بجائے اس سرزمین کی اکثریت میں شامل ہوکر بلوچستان کے معاملات کو بہتر بنانے اور سرزمین کے قومی حقوق (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

گورنر بلوچستان امریکہ کا کامیاب سرکاری دورہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل امریکہ کا کامیاب سرکاری دورہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ چکے ہیں۔ دورہ امریکہ کے دوران گورنر بلوچستان نے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ انٹرنیشنل آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 28 ویں دفاعی جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے کویتی وزیر دفاع اور چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد دارج سعد الشریعان کی ملاقات، پاکستان اور کویت نے پروٹوکول معاہدہ 2026 پر دستخط کر دیئے

پاکستان اور کویت کے درمیان بڑھتا ہوا دفاعی تعاون باہمی سلامتی، علاقائی امن اور استحکام کے فروغ میں اہم کردار ادا کریگا باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ دفاعی تعلقات اور سیکیورٹی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال

پاکستان اور کویت کے درمیان دفاعی تعاون کا نیا پروٹوکول معاہدہ 2026 پر دستخط

معاہدے کے ذریعے 2023 کے دفاعی تعاون معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے درمیان فوجی تعاون کا فریم ورک مزید مضبوط ہوگا پاک فوج کویت کی مسلح افواج کو مختلف شعبوں میں معاونت فراہم کرے گی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے کویتی وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السالم الصباح کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی۔ کویتی وزیر دفاع کے ہمراہ چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد دارج سعد الشریعان بھی موجود تھے۔ ترجمان وزارت دفاع کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ دفاعی تعلقات اور سیکیورٹی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور کویت نے پروٹوکول معاہدہ 2026 پر دستخط (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کی بنیادی ترجیح ہے، ڈاکٹر قریب خان

قومی شاہراہیں اور موٹرویز ملک کے مختلف علاقوں کو باہم ملانے والے اہم ذرائع ہیں، ڈی آئی جی موٹروے

شاہراہوں پر شہریوں کے محفوظ سفر، ٹریفک قوانین کی پابندی اور حادثات کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون کوئٹہ ڈاکٹر قریش خان نے کہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس شاہراہوں پر شہریوں کے محفوظ سفر، ٹریفک قوانین کی پابندی اور حادثات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے، جبکہ مسافروں کو بروقت امداد اور رہنمائی کی فراہمی بھی ادارے کی بنیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

چاغی کے علاقے ماہیان سے اغوا ہونے والے تین مغوی اپنے گھروں کو پہنچ گئے

دالبندین (آن لائن) چاغی کے علاقے ماہیان سے اغوا ہونے والے تین مغوی اپنے گھروں کو پہنچ گئے خاندانی ذرائع کے مطابق چاغی کے پہاڑی علاقے میں واقع نجی مائنز سے 10 اگست کو مسلح افراد نے سات افراد کو اغوا کیا تھا، جن میں سے تین کا تعلق ضلع چاغی سے جبکہ چار کا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

پمز آتشزدگی، وزیراعظم کا سخت ایکشن، سیکریٹری صحت معطل

آتشزدگی کے نتیجے میں نومولود کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پمز ہسپتال کی نرسری میں آتشزدگی کے المناک واقعے میں نومولود بچوں کے جاں بحق ہونے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف سخت ترین کارروائی کا حکم دے دیا۔ وزیراعظم کی زیر صدارت واقعے سے متعلق ہنگامی اجلاس میں اہم انتظامی اقدام کرتے ہوئے سیکریٹری صحت اسلم غوری (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

کوئٹہ میں جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا

کوئٹہ (آن لائن) ملک بھر کی طرح بلوچستان سمیت کوئٹہ میں جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا کوئٹہ میں عاشقان رسول ﷺ نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں اور قرب و جوار سے ایک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

بلوچستان میں مطلوب 9 خواتین کے سر کی قیمت مقرر، اطلاع دینے والوں کو 15 لاکھ روپے تک انعام

مطلوب خواتین میں حنیفاں بی بی، عائشہ، رقیہ، حفصہ، زہرہ، امینہ بانی، زرمین اور عزیزاں سمیت دیگر شامل

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں امن وامان کے خلاف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے الزام میں مطلوب خواتین کی گرفتاری میں مدد دینے والوں کیلئے 10 سے 15 لاکھ روپے تک انعام مقرر کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق مطلوب خواتین کا تعلق گوادر، جیونی اور تربت کے علاقوں سے بتایا گیا ہے، جبکہ اطلاع معلومات فراہم کرنے پر 10 سے 15 لاکھ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سیرت النبی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ملاقات میں پاکستان اور کویت نے باہمی مفاد پر مبنی دفاعی تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا، آئی ایس پی آر

کویتی وزیر دفاع، چیف آف جنرل اسٹاف کی فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات

پاکستان اور کویت کا تاریخی برادرانہ تعلقات کو مضبوط، پائیدار اور باہمی مفاد پر مبنی دفاعی شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

کویتی وفد نے علاقائی امن واستحکام کے لیے پاک مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت، آپریشنل مہارت اور گراں قدر خدمات کو سراہا

راولپنڈی (آن لائن) کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السالم الصباح کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کویتی وفد کی جی ایچ کیو آمد ہوئی۔ کویتی وزیر دفاع کے ہمراہ کویت کی مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد درج سعد الشریعان بھی وفد میں شامل تھے۔ کویتی وفد کی چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا اور پاکستان اور کویت نے ادارہ جاتی روابط مزید مضبوط (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تیسرے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی ہدایت پر اسپیشل مجسٹریٹ عمران زیب کاسی ڈاکٹر بانو روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

حکومت واقعے کے ذمہ داران کا تعین کرے، سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، رکن اسمبلی

پمز ہسپتال معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے پر دل انتہائی رنجیدہ ہے، پھلین بلوچ

پمز ہسپتال میں نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرا دکھ اور افسوس ہوا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی اطلاعات

کوئٹہ (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات کے چیئرمین پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، ایم این اے پھلین بلوچ نے کہا ہے کہ پمز ہسپتال اسلام آباد میں پیش آنے والے افسوسناک آتشزدگی کے المناک واقعے میں معصوم بچوں کے جاں بحق (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

کچلاک بائی پاس پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے افغانستان کے رہائشی ایک شخص کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کچلاک بائی پاس پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے افغانستان کے رہائشی ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کچلاک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم سے سعودی سفیر کی الوداعی ملاقات

دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور سعودی عرب نے اپنے دیرینہ برادرانہ اور تزویراتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی کی سفارتی ذمہ داریوں کی تکمیل پر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

کمزور طبقات کو ٹارگیٹڈ سماجی تحفظ کے پروگرامز کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے، ایم ڈی ایس ایس جی سی سے گفتگو

گیس سبسڈی کے موجودہ نظام اور قیمتوں کے سلیب پر نظرثانی کی ضرورت ہے، علی پرویز ملک

گیس سرکلر ڈیٹ میں اضافے کو تقریباً روک دیا گیا حکومت عالمی بینک کے تعاون سے گیس سیکٹر میں جامع اصلاحات پر کام کر رہی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ گیس سبسڈی کے موجودہ نظام اور قیمتوں کے سلیب پر نظرثانی کی ضرورت ہے، کمزور طبقات کو ٹارگیٹڈ سماجی تحفظ کے پروگرامز کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے ایس ایس جی سی ایل کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں کارکردگی اور اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ علی پرویز ملک نے ایس ایس جی سی بورڈ کو ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

چین اور نیپال میں سیلاب ولینڈ سلائیڈنگ پر پاکستان کا اظہار یکجہتی

چین، نیپال میں قدرتی آفات پر پاکستان کا اظہار افسوس، ہر ممکن تعاون کی پیشکش

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے چین اور نیپال میں حالیہ شدید سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

بارکھان، نامعلوم ملزمان موبائل ٹاور کی مشینری کو نذر آتش کر کے فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) بارکھان کے علاقے میں نامعلوم ملزمان موبائل ٹاور کی مشینری کو نذر آتش کر کے فرار ہو گئے تفصیلات کے مطا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

قومی یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی پر عملدرآمد تیز کرنے کا فیصلہ

3 کروڑ 24 لاکھ NEET نوجوانوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، رانا مشہود

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد میں قومی یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی (NYEP) پر قائم نیشنل کوآرڈینیشن کمیٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں نوجوانوں کے لیے پائیدار روزگار، ہنرمندی کے فروغ اور معاشی خودمختاری کے لیے پالیسی پر موثر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

پمز ہسپتال کا دل خراش واقعہ حکومتی وانتظامی ناکامی کی انتہائی سنگین مثال ہے، سینیٹر مولانا واسع

حکومت بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ اور صحت کی سہولیات کی فراہمی میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ حکومت بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ، شہریوں کی جان ومال اور صحت کی سہو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

پاکستان ایران کیخلاف یکطرفہ پابندیوں پر عمل کا پابند نہیں تاہم اقوام متحدہ کی جانب سے پابندیاں عائد ہوں تو معاملہ مختلف ہوگا

پاکستان ایس سی او کی صدارت سنبھالنے کو تیار، وزیراعظم 31 اگست کو بشکیک اجلاس میں شرکت کریں گے، دفتر خارجہ

عاصم منیر کا دورہ تہران امریکی ایلچی کے طور پر نہیں، خبریں بے بنیاد ہیں، پاکستان کی کشیدگی کمی اور امن کوششیں جاری ہیں، طاہر اندرابی

اسلام آباد (آن لائن) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی صدارت سنبھالنے کے لیے تیار ہے اور وزیراعظم محمد شہباز شریف 31 اگست کو بشکیک میں ہونے والے ایس سی او سربراہ اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے، پاکستان 2027 میں ایس سی او سربراہ اجلاس کی میزبانی کرے گا اور واضح کیا ہے کہ پاکستان ایران کے خلاف یکطرفہ پابندیوں پر عمل کا پابند نہیں تاہم (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر پورٹس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا عمل تیز

پاکستان کا میری ٹائم سیکٹر تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کا نیا مرکز بننے کی جانب گامزن

اسلام آباد / گوادر (آن لائن) وزیراعظم کی ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت پاکستان کے میری ٹائم سیکٹر میں وسیع پیمانے پر اصلاحات اور جدید کاری کا عمل تیز کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد ملک کو عالمی تجارت، شپنگ اور لاجسٹکس کا اہم مرکز بنانا اور سمندری معیشت کو قومی اقتصادی ترقی کا موثر ذریعہ بنانا ہے۔ وزیراعظم کے میری ٹائم ریفارمز ایجنڈے کے تحت کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کی بندرگاہوں کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، جبکہ بڑے بحری جہازوں کی آمد ورفت کے لیے نیویگیشن چینلز کی گہرائی بڑھانے، ہاربر کرافٹس اور کارگو ہینڈلنگ کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

چھتر بازار کے ریسٹ ہاؤس میں مسلح افراد کی آتشزدگی

دالبندین (آن لائن) دالبندین کے علاقے چھتر بازار میں نامعلوم نقاب پوش مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس کو آگ لگا دی۔ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

معصوم نومولود بچوں کی اس المناک انداز میں ہلاکت ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، ربابہ بلیدی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پمز ہسپتال کی نرسری میں خوفناک آتشزدگی کے نتیجے میں نومولود بچوں کے جاں بحق ہونے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

جعفر آباد پولیس نے بدنام زمانہ ڈاکو کو فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) جعفر آباد پولیس نے بدنام زمانہ ڈاکو کو فائرنگ کے تبادلے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

شاہرگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل اور 2 کو زخمی کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) شاہرگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل اور 2 کو زخمی کر دیا۔ نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق گز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

کوئٹہ، عید میلاد النبی کے مرکزی جلوس میں بچوں کا ایک گروہ شریک ہے

کوئٹہ، شیخ زید ہسپتال کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر کی ٹکر سے چھ سالہ بچہ ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے شیخ زید ہسپتال کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر کی ٹکر سے چھ سالہ بچہ ہلاک ہوگیا۔ پولیس نے ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز شیخ زید ہسپتال کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر کی ٹکر سے چھ سالہ بچہ احمد خان زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (ویسٹ) منیر احمد درانی کی زیر صدارت اجلاس

عوام کی فلاح بہبود اور مشکلات کے ازالے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (ویسٹ) منیر احمد درانی کی زیر صدارت انتظامی امور کی بہتر انجام دہی کے سلسلے میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر بروری عمر اور اسسٹنٹ کمشنر پنجپائی عبدالقیوم نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اسسٹنٹ کمشنرز نے اپنے اپنے سب ڈویژنز سے متعلق مختلف انتظامی معاملات، جاری سرگرمیوں اور اہم امور کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو انتظامی امور کی موثر نگرانی، عوامی مسائل کے فوری حل اور سرکاری ہدایات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی فلاح بہبود اور مشکلات کے ازالے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

وفاقی حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان اہم مذاکرات

مسلم لیگ ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے اختلافات کھل کر سامنے آگئے

اسلام آباد (آن لائن) حکومت اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان پارلیمانی و اتحادی معاملات پر اہم رابطہ ہوا ہے، جس میں دونوں جماعتوں کے رہنماؤں نے اسپیکر قومی اسمبلی کے چیمبر میں ملاقات کے دوران پارلیمانی امور، قانون سازی، اتحادی معاملات، آزاد کشمیر کی صورتحال اور پیپلز پارٹی کے تحفظات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملاقات اسپیکر قومی اسمبلی کے چیمبر میں ہوئی، جس میں پیپلز پارٹی کی جانب سے سابق وزیراعظم و سابق اسپیکر قومی اسمبلی راجا پرویز اشرف، سینیٹر شیری رحمان، فاروق ایچ نائیک اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

خاران کے عوام نے ہمیشہ ہمارا ساتھ دیا ہے، شعیب نوشیروانی

خاران کے مختلف دیہاتوں کے لیے سڑکوں کی تعمیر کے متعدد منصوبے منظور کیے گئے ہیں، بات چیت

خاران کے مختلف دیہاتوں اور دیہی علاقوں کو بلیک ٹاپ سڑکوں سے منسلک کرنا ان کا دیرینہ وژن ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی نے کہا ہے کہ خاران کے مختلف دیہاتوں اور دیہی علاقوں کو بلیک ٹاپ سڑکوں سے منسلک کرنا ان کا دیرینہ وژن ہے۔ مختلف دیہاتوں کے لیے سڑکوں کی تعمیر کے متعدد منصوبے منظور کیے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ خاران کے عوام نے ہمیشہ ہمارا ساتھ دیا ہے۔ ان کے ساتھ ہمارا رشتہ محض سیاسی نہیں بلکہ شفقت، اعتماد، خدمت اور خونی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

نئی نسل کی کردار سازی سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں کی جائے: وزیراعظم

فتنہ پرور اور مفاد پرست عناصر سے عوام کو بچانے کے لیے علماء کردار ادا کریں: شہباز شریف

نبی کریم ﷺ کا کردار نبوت کی پہلی دلیل تھا۔ اہل مکہ آپ کو صادق اور امین مانتے تھے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ نئی نسل کے اخلاق وکردار کی تعمیر سیرت النبی ﷺ اور اسوۂ حسنہ کی روشنی میں کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ ملک میں اتحاد ووحدت کے فروغ اور نوجوانوں کو فرقہ واریت، انتہا پسندی، فتنہ پروری اور مفاد پرستی سے محفوظ رکھنے کے لیے علمائے کرام کو موثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ قومی سیرت کانفرنس سے خطاب کر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

تعلیم یافتہ اور باشعور خواتین ہی تعلیم یافتہ اور باشعور قوم بنا سکتی ہیں، خوشحال خان کاکڑ

منظم جدوجہد سے عبارت ہے ہمارے معاشرے کی 52 فیصد سے زائد آبادی خواتین پر مشتمل ہے، رکن قومی اسمبلی

انہیں عملی زندگی سے نکالنے کا مقصد آدھی سے زائد آبادی کو فالج زدہ کرنے کے مترادف ہے، جو کسی صورت قابل قبول نہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ تعلیم یافتہ اور باشعور خواتین ہی تعلیم یافتہ اور باشعور قوم بنا سکتی ہیں۔ زندگی صرف غیبت اور نمود ونمائش کا نام نہیں، بلکہ منظم جدوجہد سے عبارت ہے۔ ہمارے معاشرے کی 52 فیصد سے زائد آبادی خواتین پر مشتمل ہے۔ انہیں عملی زندگی سے نکالنے کا مقصد آدھی سے زائد آبادی کو فالج زدہ کرنے کے متر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

• ABC CERTIFIED •
روزنامہ
تعمیرِ وطن
TAMEER-E-WATAN

عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

الحمدللہ صوبے بھر میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکیورٹی کے حوالے سے غیر معمولی اور قابلِ تعریف انتظامات کیے گئے تھے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے انتہائی ذمہ داری، فرض شناسی اور جذبہ خدمت کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیے، جس پر وہ پولیس، ایف سی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے افسران و اہلکاروں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں 12 ربیع الاول سے قبل ہی سیکیورٹی پلان مرتب کیا گیا تھا، جس کے تحت مذہبی جلوسوں کے روٹس، اہم شاہراہوں، حساس مقامات اور دیگر اہم تنصیبات پر سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکار پوری ذمہ داری کے ساتھ مختلف مقامات پر تعینات رہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ سیکیورٹی اہلکاروں نے دن بھر شدید ذمہ داری اور الرٹ رہتے ہوئے فرائض انجام دیے اور جلوسوں کے شرکاء، شہریوں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دی۔ جلوسوں کے روٹس کی نگرانی کے ساتھ ساتھ داخلی و خارجی راستوں، اہم مقامات اور حساس پوائنٹس پر بھی خصوصی توجہ دی گئی جبکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کو کسی قسم کی دشواری سے بچانے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی کوئٹہ کے مرکزی جلوس میں شریک ہوئے اور موقع پر سیکیورٹی انتظامات کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی اداروں کے افسران و جوانوں کی موجودگی، مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز کار قابلِ ستائش تھا۔ اہلکاروں نے نہ صرف مذہبی جلوسوں کے روٹس پر اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں بلکہ عوام اور جلوس کے شرکاء کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ 12 ربیع الاول جیسے اہم مذہبی موقع پر امن و امان کا قیام ایک بڑی ذمہ داری تھی، جسے بلوچستان پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بھرپور انداز میں نبھایا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ صوبے میں عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس پُرامن ماحول میں منعقد ہوئے، جو سیکیورٹی اداروں کی بہترین حکمتِ عملی، باہمی رابطے اور مؤثر نگرانی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ مذہبی تہواروں اور عوامی اجتماعات کے دوران سیکیورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اداروں کے درمیان رابطہ اور تعاون کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ وہ بلوچستان پولیس، ایف سی، انتظامیہ اور دیگر تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکاروں کو دل کی گہرائیوں سے خراجِ تحسین اور مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے 12 ربیع الاول کے موقع پر اپنے فرائض انتہائی جانفشانی، بہادری اور ذمہ داری سے انجام دیے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے بھی سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کیا، جس پر وہ شہریوں، علمائے کرام، مذہبی رہنماؤں، جلوس کے منتظمین اور تمام شرکاء کے بھی شکرگزار ہیں۔ باہمی تعاون، نظم و ضبط اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بہترین کارکردگی کے باعث عید میلاد النبی ﷺ کا یہ مقدس موقع بلوچستان بھر میں امن، عقیدت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔

بقیہ 01

د میں مزید اقدامات پر غور کیا گیا اجلاس کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔ شرکا نے اس منصوبے کو شہریوں کے تحفظ، نگرانی کے نظام میں بہتری اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا۔ 28 ویں وفاقی و جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں صوبے میں امن و استحکام کے حوالے سے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہر تین ہفتوں بعد منعقد ہونے والے وفاقی و جائزہ اجلاس کا بنیادی مقصد سابقہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، درپیش مسائل کی نشاندہی کرنا اور ان کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باقاعدگی سے ہونے والے اجلاسوں سے اداروں کے درمیان رابطہ بہتر ہوا ہے اور امن و استحکام کے لیے کیے جانے والے اقدامات میں تسلسل پیدا ہوا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی خوشحالی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ حکومت صوبے میں امن و استحکام کے ساتھ ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے روشن اور درخشاں مستقبل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرنا ہوگا اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، مختلف محکموں اور سیکیورٹی فورسز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکا نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال، جاری اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اجلاس کے دوران رواں ماہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شرکا نے دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے عزم اور مؤثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے امن کے قیام کے لیے جاری کوششوں کو مزید مربوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کا سلسلہ مزید مضبوط بنایا جائے گا اجلاس کے شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و استحکام کے فروغ، ترقیاتی عمل میں تیزی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 02

کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے امور، کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے صوبے میں فضائی رابطوں کے فروغ، ایوی ایشن کے شعبے میں دستیاب مواقع سے استفادہ اور بلوچستان کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے امور پر غور کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں فضائی رابطوں کا فروغ صوبے کی معاشی و سماجی ترقی کے لیے اہم ہے۔ صوبے کے وسیع رقبے اور دور دراز علاقوں کے پیش نظر بہتر فضائی رابطے نہ صرف عوام کو سفری سہولت فراہم کرتے ہیں بلکہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہو سکتے ہیں وزیر اعلیٰ نے بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے امور میں پیشہ ورانہ طرز انتظام، شفافیت اور مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے صوبے کے وسیع تر مفاد میں فعال کردار ادا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے تمام شعبوں میں جدید اور مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ ایوی ایشن کا شعبہ بھی اسی وژن کا اہم حصہ ہے، جسے مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافہ ضروری ہے اجلاس میں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے بھی غور و خوض کیا گیا وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کمپنی کے امور کو پیشہ ورانہ بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے اور بلوچستان میں فضائی رابطوں کے فروغ کے لیے قابل عمل تجاویز اور منصوبہ بندی کو ترجیح دی جائے اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین نے کمپنی کے مختلف امور سے متعلق اپنی تجاویز بھی پیش کیں، جبکہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 03

میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اس مٹی کا حق ادا کریں۔ قومی اتفاق اور یکجہتی سے ہی ہم بلوچستان کے قومی سیاسی، سماجی حقوق حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے سراوان ہاؤس میں رابطہ مہم کے تحت کوئٹہ کے شہریوں کے ایک نمائندہ وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی، وفد میں خواتین بھی بڑی تعداد میں شریک تھیں جنہوں نے رابطہ مہم کی بھرپور تائید و حمایت کا اعلان کیا۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ قومی وطن کو درپیش سیاسی، سماجی اور انتظامی بحرانوں سے یہاں آباد اقوام اور برادریاں قومی یکجہتی اور حقیقی سیاسی عمل کے ذریعے ہی نکل سکتی ہیں، انہوں نے کہا کہ سیاسی عمل کو سہولت کاروں، ٹھیکیداروں نے منصوبے کے تحت آلودہ کیا اور غیر جمہوری لوگ نمائندگی کا دعویٰ کر رہے ہیں جس کے نتیجے میں ریاست اور بلوچستان کے لوگوں میں عدم اعتماد ہے اور جعلی منتخب نمائندوں نے بلوچستان کی پسماندگی میں اپنا کردار ادا کیا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو دہائیوں سے اس کے قومی حقوق اور سیاسی جمہوری عمل سے محروم رکھا گیا ہے اس محرومی کے خاتمہ کیلئے بلوچستان میں قدیم سے آباد سٹیک ہولڈرز وفاق کی طرف دیکھنے کی بجائے اس سرزمین کی اکثریت میں شامل ہو کر بلوچستان کے معاملات کو بہتر بنانے، سرزمین کے قومی حقوق میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اس مٹی کا حق ادا کریں، انہوں نے کہا کہ ہمارے وطن میں آج ایک بہت بڑا سیاسی و انتظامی بحران ہے جس کے نتیجے میں بلوچ، پشتون اقوام اور برادریاں تکلیف اور مصائب سے گزر رہے ہیں ان تکالیف اور مصائب کو ایک بہت بڑے قومی اتفاق، یکجہتی اور سیاسی عمل سے ختم کیا جا سکتا ہے اور اس قومی اتفاق اور یکجہتی سے ہی ہم بلوچستان کے قومی، سیاسی، سماجی حقوق حاصل کر سکتے ہیں

بقیہ 04

[illegible]

تلاش گمشدگی

میرا ڈرائیونگ لائسنس اور کوئٹہ کینٹ انٹری پاس بنام محمد سلیمان خان ولد پہلوان خان شناختی کارڈ نمبر 53202-6366272 شہباز ٹاؤن میں کہیں گر کر گم ہو گیا ہے جو کافی تلاش کے باوجود نہیں مل سکا لہذا مجھے جاری شدہ ڈرائیونگ لائسنس اور کوئٹہ کینٹ کا انٹری پاس جاری کیا جائے
المشتہر
محمد سلیمان خان ولد پہلوان خان

درستگی نام

میرے بیٹے کا نام جہانزیب علی ولد لیاقت علی ہے جبکہ بلوچستان بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے ریکارڈ میں غلطی سے جہانزیب درج کیا گیا ہے لہذا بلوچستان بورڈ میں میرے بیٹے کا نام اسکول ریکارڈ کے مطابق جہانزیب علی درج کیا جائے
المشتہر، لیاقت علی ولد حاجی خان

بقیہ 01

عظیم احسان ہے۔ آپ ﷺ نے ایسی دنیا میں قدم رکھا جہاں جہالت، تعصب، شرک اور معاشرتی ناانصافیوں نے انسانیت کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا تھا۔ آپ ﷺ نے انسان کو اس کے حقیقی مقام سے روشناس کرایا، اسے توحید، عدل، اخوت، اور اعلیٰ اخلاق کا درس دیا اور جہالت کی تاریکیوں میں ہدایت کا چراغ روشن فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ بعثت نبوی ﷺ سے قبل عرب معاشرے میں بیٹیوں کو زندہ درگور کیا جاتا کمزوروں کے حقوق پامال ہوتے اور طاقتور کو کمزور پر فوقیت حاصل تھی۔ اسلام نے ان تمام جاہلانہ رسوم و روایات کا خاتمہ کرتے ہوئے انسان کو عزت و وقار عطا کیا۔ ماں، بہن، بیٹی اور بیوی کی حیثیت سے عورت کو حقوق تحفظ اور احترام فراہم کیا یتیم، مسکین، غلام، پڑوسی اور معاشرے کے کمزور طبقات کے حقوق کو واضح طور پر متعین کیا۔ مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ سیرت طیبہ ﷺ صرف مسلمانوں ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے رحمت، رہنمائی اور فلاح کا جامع پیغام ہے۔ اسلام نے انسانوں کے درمیان رنگ، نسل اور معاشرتی حیثیت کی بنیاد پر امتیاز کی نفی کرتے ہوئے عدل و مساوات کا درس دیا انہوں نے کہا کہ آج کے نام نہاد روشن خیال طبقے کو چاہیے کہ وہ مغرب کی اندھی تقلید کے بجائے تاریخ کا مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ انسانی حقوق عورت کے احترام معاشرتی انصاف اور کمزور طبقات کے تحفظ کا حقیقی اور جامع تصور سب سے پہلے اسلام نے دنیا کو دیا۔ نوجوان نسل بالخصوص اپنی فکری و اخلاقی تربیت کے لیے سیرت رسول اکرم ﷺ کو اپنا رہنما بنائے اور آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ کو اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کا حصہ بنائے۔ انہوں نے کہا کہ بارہ ربیع الاول کے اس اہم موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات، اخلاق، عدل، رحم، برداشت، اخوت اور انسانیت سے محبت کو اپنی زندگیوں میں عملی طور پر نافذ کریں گے۔ امت مسلمہ کی حقیقی کامیابی اور دنیا و آخرت کی فلاح سیرت طیبہ ﷺ سے وابستگی اور آپ ﷺ کی تعلیمات پر مکمل عمل پیرا ہونے میں ہے۔

بقیہ 02

و، ایڈیشنل سیکرٹریز حافظ امداد حسین اور محمد اسلم، سیکرٹری اطلاعات اصغر بلوچ، سیکرٹری آفس پیر جان بلوچ، سیکرٹری فنانس احمد ندیم، ڈویژنل صدر سبی گوندا راہیجہ، ڈویژنل صدر گوادر صداقت بلوچ، ڈویژنل صدر کوئٹہ عامر بنگلزئی سمیت دیگر عہدیداران اور اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ 28 اگست بروز جمعہ یوم شہداء صحافت کے موقع پر بلوچستان بھر میں یوم سیاہ منایا جائے گا۔ اس موقع پر شہداء صحافت کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا جائے گا، جبکہ بلوچستان میڈیا فورم کے عہدیداران، ممبران اور دیگر صحافی سوگ کی علامت کے طور پر بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں گے۔ اجلاس میں بلوچستان بھر کے پریس کلبز کی انتظامیہ اور عہدیداران سے اپیل کی گئی کہ 28 اگست کو شہداء صحافت سے اظہار یکجہتی اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پریس کلبز پر سیاہ پرچم لہرائے جائیں اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔ اس موقع پر بلوچستان میڈیا فورم کے صدر قیوم بلوچ نے کہا کہ صحافت کے شعبے سے وابستہ شہداء نے حق اور سچ کی آواز بلند کرتے ہوئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ ان کی قربانیاں پوری صحافتی برادری کیلئے مشعل راہ ہیں۔ شہداء صحافت کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا جبکہ ان کے اہل خانہ کے دکھ اور قربانی کا احساس پوری صحافتی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور بے خوف صحافت ایک جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ صحافیوں نے ہمیشہ عوام کے مسائل، ظلم و ناانصافی اور معاشرتی برائیوں کو اجاگر کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ قیوم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم شہداء صحافت کے مشن کو آگے بڑھانے، صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، آزادی؟ اظہار اور آزادی صحافت کے دفاع کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔ انہوں نے بلوچستان بھر کے صحافیوں، پریس کلبز اور صحافتی تنظیموں سے اپیل کی کہ 28 اگست کو یوم شہداء صحافت کے موقع پر بھرپور یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیاہ پٹیاں باندھیں، پریس کلبز پر سیاہ پرچم لہرائیں اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام کریں۔

بقیہ 03

نیل، ٹھیکیدار ایم بی آئی کنسٹرکشن کمپنی کے اور فضل کریم مندوخیل، نوکل پرنس حاجی باز محمد دمڑ، محمد عرفان دمڑ، پی ایس ٹو صوبائی وزیر موسیٰ کاکڑ، ڈسٹرکٹ چیئرمین ستار کاکڑ، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، قبائلی رہنما غوث پانیزئی، حاجی محمد عظیم، ملک ایاز ژمیل، عزیز اللہ اور عمران پانیزئی، سردار عجب خان تارن اور حاجی اللہ نور سمیت متعلقہ محکموں کے افسران، زیارت اور سنجاوی کے معتبرین ومعززین اور علاقے کے دیگر افراد موجود تھے اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر عصمت اللہ موسیٰ خیل نے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کو خانی بابا تا زیارت تا سنجاوی روڈ کے منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور منصوبے کے مختلف مراحل، تعمیراتی کام اور پیش رفت سے آگاہ کیا افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ خانی بابا تا زیارت تا سنجاوی روڈ کا منصوبہ 14.46 ارب روپے کی خطیر لاگت سے تعمیر کیا جارہا ہے، جو علاقے کی ترقی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اور ذمہ داران اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں انہوں نے کہا کہ اس اہم شاہراہ کی تکمیل سے زیارت، سنجاوی اور گردونواح کے عوام کو آمدورفت میں نمایاں آسانی پیدا ہوگی، جبکہ ایک صوبے سے دوسرے صوبے تک سفر کرنے والے شہریوں کے لیے بھی سفری فاصلہ اور مشکلات کم ہوں گی۔ شاہراہ کی تعمیر سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور امپورٹ و ایکسپورٹ کے ساتھ ساتھ کاروبار اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ سڑکیں صرف آمدورفت کا ذریعہ نہیں بلکہ کسی بھی علاقے کی معاشی ترقی، تجارت، صنعت، زراعت اور روزگار کے فروغ میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ خانی بابا تا زیارت تا سنجاوی روڈ کی تکمیل سے اس خطے کو ملک کے دیگر علاقوں سے بہتر انداز میں منسلک کرنے میں مدد ملے گی اور مقامی لوگوں کے لیے ترقی کے نئے راستے کھلیں گے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ علاقے کی مجموعی معاشی و سماجی صورتحال میں بھی بہتری آئے گی اس موقع پر زیارت اور سنجاوی کے عوام، معتبرین اور معززین نے خانی بابا تا زیارت تا سنجاوی روڈ کے منصوبے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ منصوبہ علاقے کے لیے ایک تاریخی اور دوررس اہمیت کا حامل منصوبہ ہے۔ انہوں نے صوبائی وزیر کی عوامی خدمت، مسلسل کاوشوں اور علاقے کی ترقی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی کہ شاہراہ کی تکمیل کے بعد نہ صرف عوام کو محفوظ اور آسان سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ زیارت، سنجاوی اور ملحقہ علاقوں میں کاروباری سرگرمیوں، تجارت، سیاحت اور روزگار کے مواقع میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 04

کے موقع پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار، تعمیراتی معیار اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا جبکہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، ایکسین بی اینڈ آر خلیل بلوچ نے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی کمشنر سائرہ عطا مختلف جاری ترقیاتی اسکیموں کا موقع پر جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران کو احکامات جاری کیں کہ ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے اور تعمیراتی کام میں مقررہ معیار اور قواعد و ضوابط کی مکمل پابندی یقینی بنانے پر زور دیا۔ اس موقع پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی پائیدار ترقی کے لیے مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے ترقیاتی اسکیموں کی بروقت تکمیل سے نہ صرف شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی بلکہ علاقے میں ترقی کے عمل کو بھی مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور کام کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے فیلڈ میں موثر مانیٹرنگ کا نظام برقرار رکھا جائے۔ کمشنر نے افسران پر واضح کیا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام اسکیموں کو شفاف انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ دورے کے دوران متعلقہ ضلعی افسران نے کمشنر سائرہ عطا کو جاری ترقیاتی اسکیمات کی پیش رفت اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ کمشنر نے افسران کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے اور ترقیاتی کاموں کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے دورے کو علاقے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کی نگرانی اور عوامی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے حوالے سے اہم قرار دیا جارہا ہے کمشنر لسبیلہ نے بی اینڈ آر بلڈنگ کے تعمیراتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اس موقع پر DHO لسبیلہ ڈاکٹر فرید اللہ شاہ ہاشمی، قائمقام ایم ایس ڈاکٹر تصدق ندیم، ایس ڈی او بی اینڈ آر روڈ ظہیر احمد بلوچ، ایس ڈی او بی اینڈ آر بلڈنگ لطیف بلوچ، انجینیئر نجیب بلوچ، سپرینڈنٹ کمشنر لسبیلہ غلام مرتضی شیخ، ٹھیکیدار شمس درانی، انجینیئر سفر بلوچ اور دیگر بھی موجود تھے

بقیہ 05

یاتی نمائندوں سیاسی سماجی کاروباری اور ہندو پنچایت سمیت شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی کھلی کچہری میں سرکاری اداروں اور محکموں کے افسران کرنل ندیم ڈی ایس پی ڈھاڈر شیر احمد محمد شئی اے ڈی لوکل گورنمنٹ قاضی سکندر حیات ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن محمد انور لاشاری ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت عطاء اللہ ملوک ڈپٹی ڈائریکٹر جنگلات سرور پرکانی ڈی ایچ او بھی ڈاکٹر ایاز قریشی انچارج نادرا عابد خلجی تحصیلدار محمد بقا پہوڑ ایس ڈی او واپڈا ایکسین پی ایچ ای ایکسین اریگیشن سکندر زہری سمیت دیگر افسران اور ان کے نمائندے شریک ہوئے اس دوران شرکا کی جانب سے شہری اور دیہی مسائل کھل کر بیان کیے گئے جس میں امن و امان صحت تعلیم گیس بجلی پانی نکاسی آب بنیادی حقوق اور ترقیاتی منصوبے بھی زیر بحث لائے گئے جس پر متعلقہ حکام نے تفصیلی جوابات دیے ڈپٹی کمشنر کچھی ممتاز کھیتران کا کہنا تھا کہ گزشتہ کھلی کچہری میں جن مسائل کی نشاندھی کی گئی تھی ان میں سے بیشتر مسائل حل اور کچھ پر کارروائی جاری ہے وزیر اعلی بلوچستان کی ہدایت پر تمام محکموں اور اداروں کے باہمی تعاون اور اشتراک سے مسائل کا مکمل جائزہ لے کر ان کو حل کی طرف لے کر جائیں گے اس حوالے سے کوئی سستی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 06

ی نگرانی اور ہنگامی ردعمل پر سنگین سوالیہ نشان ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ 14 معصوم جانوں کا ضیاع پورے ملک کے لیے انتہائی دلخراش سانحہ ہے۔ نومولود بچے اپنے دفاع یا خود کو محفوظ مقام تک منتقل کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے، ایسے میں ہسپتال کا عملہ ہی ان کے والدین، محافظ اور نجات دہندہ ہوتا ہے۔ حساس ترین وارڈ میں فائر سیفٹی، ایمرجنسی ایگزٹ، فعال حفاظتی آلات، تربیت یافتہ عملے اور مؤثر ڈیوٹی نظام میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ناقابل تلافی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کے بعد ایمرجنسی راستوں اور دروازوں کی صورتحال، راستوں کے محدود ہونے اور عملے کی موجودگی سے متعلق مختلف دعوے سامنے آئے ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے دو ڈاکٹروں اور چار نرسوں کے ڈیوٹی پر موجود ہونے کا دعویٰ بھی سامنے آیا ہے۔ ان مختلف بیانات اور تضادات کی موجودگی میں ضروری ہے کہ تحقیقات مکمل طور پر غیر جانبدار، شفاف اور حقائق پر مبنی ہوں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ حکومت تحقیقات کو محض رسمی کارروائی تک محدود نہ رکھے۔ یہ واضح کیا جائے کہ آگ کیسے لگی، فائر سیفٹی نظام کیوں مؤثر ثابت نہ ہوا، ایمرجنسی راستے قابل استعمال تھے یا نہیں، ڈیوٹی روسٹر پر موجود اہلکار کہاں تھے، فائر الارم اور دیگر حفاظتی آلات فعال تھے یا نہیں، اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مطلوبہ انتظامات مکمل تھے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے تحقیقات کا حکم اور وفاقی سیکریٹری صحت کی معطلی ابتدائی اقدامات ہیں، تاہم اصل امتحان شفاف اور بلاامتیاز احتساب ہے۔ اگر تحقیقات میں کسی فرد، افسر یا اہلکار کی مجرمانہ غفلت یا بے احتیاطی ثابت ہوتی ہے تو اسے قانون کے مطابق گرفتار کرکے عدالت کے سامنے پیش کیا جائے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے واضح کیا کہ کسی ماتحت اہلکار کو محض قربانی کا بکرا بنا کر اصل ذمہ داروں کو بچانا اس سانحے کے ساتھ دوسری ناانصافی ہوگی۔ ذمہ داری جس بھی سطح پر ثابت ہو، اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال صرف علاج گاہ نہیں بلکہ انسانی زندگیوں کی آخری پناہ گاہ ہوتے ہیں۔ حکومت ملک بھر کے سرکاری ہسپتالوں کا فوری اور جامع فائر سیفٹی آڈٹ کرائے، جس میں ایمرجنسی ایگزٹ، آکسیجن سسٹم، بجلی اور اے سی تنصیبات، فائر الارم، فائر فائٹنگ آلات، عملے کی تربیت، ڈیوٹی روسٹر اور ہنگامی ردعمل کے نظام کا جائزہ لیا جائے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ 14 معصوم جانوں کو واپس نہیں لایا جا سکتا، لیکن ان کی موت کو ایک ایسے محفوظ اور مؤثر نظام کی اصلاح کا نقطہ آغاز ضرور بنایا جا سکتا ہے جس میں آئندہ کسی خاندان کو ایسی ناقابل برداشت آزمائش سے نہ گزرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف صرف ذمہ داروں کو سزا دینے سے مکمل نہیں ہوگا بلکہ ایسا مضبوط نظام قائم کرنے سے ہوگا جس میں غفلت اور مجرمانہ بے احتیاطی کے لیے کوئی گنجائش نہ ہو۔ حکومت اس سانحے سے سبق حاصل کرے اور یقینی بنائے کہ آئندہ کسی ماں کو ہسپتال کی غفلت یا حفاظتی نظام کی ناکامی کے باعث اپنے نومولود بچے کی لاش نہ اٹھانا پڑے۔

بقیہ 07

تقرری کو بلوچستان بالخصوص خضدار کے تعلیمی حلقوں کے لیے ایک تاریخی اور خوش آئند قدم قرار دیا ہے۔ میر عبدالرحیم کرد نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم ہی کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور پائیدار تبدیلی کی واحد ضمانت ہے۔ معیاری اور اعلیٰ تعلیم کے بغیر کوئی بھی خطہ جدید دنیا کے چیلنجز کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ یونیورسٹیوں کا قیام نوجوانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے اور مثبت سمت فراہم کرنے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ خضدار اور ملحقہ اضلاع میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کا قیام یہاں کے طلباء و طالبات کے لیے ترقی کے نئے دروازے کھولے گا اور پسماندگی کے اندھیروں کو چھانٹنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

بقیہ 08

یوں کو بہتر میونسپل سہولیات کی فراہمی کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں میونسپل مجسٹریٹ عمران زیب کاسی کی نگرانی میں ڈاکٹر بانو روڈ اور تولہ رام روڈ پر تجاوزات کے خلاف باقاعدہ کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھ کر پیدل چلنے والوں کے راستے میں رکاوٹ پیدا کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ میونسپل انتظامیہ نے کارروائی کرتے ہوئے تجاوزات قائم کرنے والے 6 دکانداروں کو گرفتار کرکے جیل منتقل کر دیا۔ اس موقع پر میونسپل مجسٹریٹ عمران زیب کاسی نے کہا کہ شہری سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی مقامات پر غیر قانونی تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔ تجاوزات کے باعث نہ صرف شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا، جبکہ دکانداروں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی دکانوں کا سامان مقررہ حدود کے اندر رکھیں اور سرکاری سڑکوں وفٹ پاتھوں پر قبضہ کرنے سے گریز کریں۔ میونسپل انتظامیہ کے مطابق تجاوزات کے خاتمے کے مقصد شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانا، فٹ پاتھوں کو شہریوں کے لیے قابل استعمال بنانا اور کوئٹہ شہر کو صاف، منظم اور خوبصورت بنانا ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 09

سسٹنٹ کمشنر نال عبداللہ مینگل کے ہمراہ شہر کے مختلف بازاروں کا اچانک دورہ کیا دورے کے دوران اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں سرکاری نرخ نامے اور صفائی کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سبزی گوشت نان اور دیگر ضروری اشیا کی دکانوں کی کڑی جانچ پڑتال کی گئی کارروائی کی تفصیل انتظامیہ نے سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی اور گرانفروشی میں ملوث 2 قصابوں اور 1 نان بائی کو موقع پر گرفتار کر لیا حکام نے سمری ٹرائل کی قانونی کارروائی مکمل کرتے ہوئے تینوں افراد کو سینٹرل جیل خضدار منتقل کرنے کے احکامات جاری کر دیا اس کے علاوہ ناقص صفائی اور کم معیاری اشیا فروخت کرنے پر متعدد دکانداروں کو موقع پر جرمانے بھی عائد کیے گیا انتظامیہ کا موقف اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے کہا کہ عوام کو معیاری اشیا مقررہ نرخوں پر فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے گرانفروشی اور صفائی کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز سخت انتظامی اور قانونی کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا بازار کے دورے کے دوران انسپکٹر عبدالحق نوتانی بھی پولیس فورس کی نگران ٹیم کے ہمراہ انتظامیہ کی معاونت کیلئے موجود تھے انتظامیہ کے مطابق بازاروں کی چیکنگ کا یہ عمل آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 10

کیا۔ ملاقات میں حنا جاوید کے المناک قتل کا معاملہ خصوصی طور پر زیر بحث آیا۔ چیئرپرسن این سی ایس ڈبلیو اور خواتین پارلیمنٹیرینز کاکس نے اس واقعے پر واضح موقف اختیار کرتے ہوئے فوری، شفاف، غیر جانبدار اور مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مکمل ادارہ جاتی تعاون فراہم کرنے پر زور دیا تاکہ تمام حقائق سامنے لائے جاسکیں اور ذمہ دار افراد کو قانون کے مطابق قرار واقعی اور مثالی سزا دی جاسکے۔ شرکائنے زور دیا کہ بلوچستان، راولپنڈی، اسلام آباد سمیت ملک کے دیگر حصوں میں خواتین کے خلاف تشدد کے حالیہ واقعات کی جامع تحقیقات کی جائیں اور کسی قسم کی غفلت، تاخیر یا سزا سے استثنیٰ کی گنجائش نہ چھوڑی جائے۔ خواتین پارلیمنٹیرینز کاکس نے عزم ظاہر کیا کہ حنا جاوید کیس اور ملک میں خواتین کے خلاف تشدد کے وسیع تر مسئلے کو پارلیمنٹ کے ایوان میں اٹھایا جائے گا تاکہ موثر نگرانی، احتساب اور پاکستان بھر میں خواتین کے تحفظ کو مضبوط بنانے کے لیے فوری اقدامات یقینی بنائے جا سکیں۔ ملاقات میں (این سی ایس ڈبلیو) کے شکایات کے انتظامی نظام (Complaint (CMS-Management System کو مزید موثر بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ تشدد کا سامنا کرنے والی خواتین کو شکایات درج کرانے، متعلقہ اداروں تک رسائی، قانونی معاونت اور تحفظ کے لیے آسان اور موثر سہولیات دستیاب ہوں۔ کاکس کے ارکان نے این سی ایس ڈبلیو کی ادارہ جاتی مضبوطی اور استعداد کار بڑھانے کے لیے بھی مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی تاکہ کمیشن اپنے آئینی اور قانونی فرائض زیادہ موثر انداز میں انجام دے سکے۔ ایم این اے شازیہ رحمانی نے چیئرپرسن این سی ایس ڈبلیو نورین بانو لہڑی کی انتھک کوششوں کو سراہا اور خواتین کے حقوق وتحفظ کو مضبوط بنانے کے لیے ان کی کاوشوں کو مکمل پارلیمانی تعاون فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو تشدد، امتیاز، ناانصافی اور دیگر کمزور حالات سے تحفظ فراہم کرنے اور انہیں فوری انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا، جس میں جیلوں میں قید خواتین بھی شامل ہیں۔

بقیہ 11

عائد، متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز جبکہ ایک غیر معیاری مصالحہ جات بنانے والے یونٹ کو سیل کردیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق مشرقی بائی پاس و جنگ اسٹاپ کے علاقوں میں چیکنگ کے دوران ناقص صفائی، نان فوڈ گریڈ رنگ، ممنوعہ چائنیز نمک، غیر مناسب اسٹوریج، حشرات کی روک تھام کے ناقص انتظامات اور نامکمل حفاظتی لباس پر ایک مصالحہ یونٹ سیل جبکہ ایک نمکو یونٹ مالک پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ خداے دادروڈ و کاسی روڈ پر 19 مراکز کی چیکنگ کے دوران ناقص صفائی، ویسٹ مینجمنٹ، نامناسب اسٹوریج اور PPE کی خلاف ورزیوں پر 3 یونٹس جرمانہ جبکہ 6 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ اسی طرح جناح ٹاؤن و ویسٹرن بائی پاس میں معائنے کے دوران ناقص صفائی، ایکسپائرڈ اسنیکس، حشرات، غیر محفوظ اسٹوریج اور نامکمل حفاظتی انتظامات پر 5 یونٹس جرمانہ کیے گئے۔ ایئرپورٹ روڈ پر گریڈ فلرز اور کم وزن نان کی فروخت پر 3 یونٹس جرمانہ جبکہ 7 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ نان کا وزن مقررہ 310 گرام کے بجائے 236، 244 اور 245 گرام پایا گیا۔ مزید برآں حب سٹی میں غیر معیاری رنگ اور ممنوعہ چائنیز نمک کے استعمال پر 2 مصالحہ شاپس جرمانہ کی گئیں، جبکہ دیگر مراکز کو اصلاحی ہدایات جاری کی گئیں۔ حرمزئی پشین میں 23 مراکز کی چیکنگ کے دوران ایکسپائرڈ اشیاء کی فروخت اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 4 یونٹس جرمانہ کیے گئے، جبکہ متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ علاوہ ازیں کوہلو میں بی ایف اے حکام نے ممنوعہ چائنیز نمک، گٹکا اور بغیر مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تاریخ والی مصنوعات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 یونٹس جرمانہ جبکہ 4 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے، اس دوران ایک دکاندار کو فوڈ بزنس لائسنس نہ ہونے پر جرمانہ کیا گیا۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے واضح کیا کہ محفوظ خوراک کی فراہمی اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے، عوام کی صحت سے کھیلنے اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔

بقیہ 12

شرکت کی۔ تقریب کے دوران زمینداروں میں کسان کارڈ تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو زرعی مداخل آسان شرائط پر فراہم کیے جائیں گے، جس سے زرعی پیداوار میں اضافے اور کسانوں کو سہولت فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت تنویر احمد چنہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع لسبیلہ میں اب تک 500 سے زائد کسانوں کے کسان کارڈ منظور ہو چکے ہیں، جبکہ رجسٹریشن کا عمل تاحال جاری ہے۔ انہوں نے کسانوں سے اپیل کی کہ وہ جلد از جلد کسان کارڈ کے لیے رجسٹریشن مکمل کروائیں تاکہ حکومتی سہولیات اور زرعی مراعات سے بھرپور استفادہ کرسکیں۔

بقیہ 13

دوران باہمی روابط کو مزید فروغ دینے اور سیاسی و عوامی معاملات میں رابطہ کاری کو موثر بنانے پر زور دیا گیا اس موقع پر صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی میں اپوزیشن جماعتوں کو بھی اپنا بھرپور حصہ ڈالنا ہوگا۔ صوبائی حکومت نے اپوزیشن اراکین کے حلقوں میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کی مجموعی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔

بقیہ 14

ئی کے دوران فٹ پاتھ اور سرکاری وعوامی جگہوں پر قائم ڈھابوں، ریڑھیوں اور دیگر تخت و ترم تجاوزات کو ہٹا کر جگہیں واگزار کرائی گئیں۔ تجاوزات قائم کرنے والے افراد کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ آئندہ فٹ پاتھ یا عوامی مقامات پر سامان اور دیگر اشیا نہ رکھیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 15

ی سے ڈسٹرکٹ چیئرمین قلعہ عبداللہ حاجی دین محمد سیکی کی قیادت میں بلدیاتی نمائندوں کے وفد نے ملاقات کی، وفد میں میئر میونسپل کارپوریشن پشین اکبر ترین، مختلف اضلاع کے ڈسٹرکٹ چیئرمینوں، میونسپل کمیٹیوں کے نمائندوں اور آل بلوچستان یونین کونسل چیئرمین ایسوسی ایشن کے عہدیداران سمیت دیگر بلدیاتی نمائندے شریک تھے جبکہ ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی اس موقع پر موجود تھے بلدیاتی نمائندوں نے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کو آگاہ کیا کہ فنڈز کے اجراء میں تاخیر کے خلاف گزشتہ پانچ روز سے بلدیاتی اداروں میں احتجاجاً تالہ بندی جاری ہے، جس کے باعث بلدیاتی نظام اور ترقیاتی سرگرمیاں شدید متاثر ہورہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فنڈز کی عدم فراہمی سے بلوچستان میں ترقی کا سفر رک گیا ہے اور منتخب بلدیاتی نمائندے اپنے حلقوں میں عوامی مسائل حل کرنے سے قاصر ہیں وفد نے واضح کیا کہ اگر مالی سال 2026-27 کے فنڈز کا اجراء نہ ہوا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، جس میں بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دینے اور صوبے کے تمام اضلاع میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے اس موقع پر صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ وارڈز اور یونین کونسلز سے منتخب ہونے والے کونسلرز ہی حقیقی معنوں میں عوام کے نمائندے ہیں پیپلز پارٹی اور صوبائی حکومت کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں اور عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نمائندوں کے مسائل اور فنڈز کے اجراء کے معاملے پر وزیر اعلی بلوچستان سے ملاقات کر کے ڈسٹرکٹ چیئرمینوں و یونین کونسل چیئرمینوں کے مطالبات ان کے سامنے رکھوں گا۔ امید ہے کہ حکومت کی جانب سے بروقت اقدامات کیے جائیں گے اور بلوچستان بھر کے منتخب بلدیاتی نمائندوں کو احتجاج کی نوبت نہیں آئے گی دوسری جانب چیئرمین یونین کونسل ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید ثناء اللہ آغا کی قیادت میں وفد نے بھی صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے الگ ملاقات کی اور انہیں یونین کونسل چیئرمینوں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔

بقیہ 16

گیا، اس کے نتیجے میں نفرت، محرومی اور انتشار نے جنم لیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں قومی وسائل کے استحصال، سیاسی ناانصافی اور عوامی حقوق سے مسلسل چشم پوشی کی پالیسیوں نے حالات کو مزید پیچیدہ بنایا۔ سیاسی کارکنوں کی ماورائے آئین گمشدگیوں اور تشدد زدہ لاشوں کی برآمدگی جیسے واقعات نے جمہوری اداروں پر عوام کے اعتماد کو شدید متاثر کیا۔ علی احمد لانگو نے کہا کہ 26 اگست کا دن واضح کرتا ہے کہ طاقت اور آپریشن کے ذریعے بلوچستان کو خون میں نہلایا تو جاسکتا ہے، لیکن بنیادی مسائل حل نہیں کیے جاسکتے۔ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اور اس کا پائیدار حل طاقت نہیں بلکہ بامعنی سیاسی مذاکرات میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے ریاست کو بلوچستان کے عوام کے سیاسی، آئینی اور قومی حقوق کا احترام کرنا ہوگا، کیونکہ انصاف، جمہوریت اور سیاسی مکالمہ ہی پائیدار امن اور قومی یکجہتی کی بنیاد بن سکتے ہیں۔

بقیہ 17

گردوں اور چوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔ مصنوعی دہشت گردی کے مسلسل خدشات اپنی جگہ، مگر اب صورتحال پولیس کی بزدلی سے اس حد تک خراب ہوتی جارہی ہے کہ جرائم پیشہ افراد نے مین روڈ پر کھلے عام لوگوں کے گھروں کے گیٹ ڈھانے، زمینداروں کے سولر پلیٹس اور دیگر قیمتی سامان چوری کرنا شروع کر دیا ہے۔ عوام اپنے گھروں، مال مویشیوں، دکانوں اور املاک کے تحفظ کے حوالے سے شدید تشویش میں مبتلا ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر پولیس ہی اپنے فرائض دینے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو جائے تو عام عوام شہریوں کی کس کے پاس جائے؟ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہی یہ ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کا تحفظ کرے۔ جرائم کی روک تھام پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، نہ کہ خوف اور بزدلی کے باعث جرائم پیشہ اور دہشت گرد گروہوں کے لیے میدان کھلا چھوڑ دے۔ لورالائی پولیس کو چاہیے کہ ان تمام تھانوں، سرکاری ڈیوٹی پولیس تھانوں، وارڈ پولیس تھانہ، شہید جان داد سرک پولیس تھانہ، ژڑہ پولیس تھانہ، تنگ پولیس چیک پوسٹ، لورالائی صدر تھانہ کو ہر حال میں 24 گھنٹے کھلے رکھے، تاکہ یہ پولیس اہلکار اور تمام چوکیاں اپنے فرائض کی انجام دہی اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے ہر وقت تیار رہیں۔ لورالائی پولیس کو چاہیے کہ تمام تھانوں، پولیس لائنز اور چیک پوسٹوں پر موجود اسلحہ اور دیگر گنوں کی بندوبست کریں تاکہ امن برقرار رہے۔

بقیہ 18

جانب سے انسانیت پر عظیم احسان اور ہدایت و رحمت کا ابدی پیغام ہے۔ آپ ﷺ کی پوری زندگی انسانیت کے لیے اعلیٰ اخلاق، حسن کردار، محبت، امن، عدل، مساوات، رواداری اور باہمی احترام کی روشن مثال ہے۔ آپ ﷺ نے اپنے کردار و عمل سے انسانوں کو ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے، ظلم و ناانصافی سے اجتناب اور معاشرے میں خیر و بھلائی کو فروغ دینے کا عملی درس دیا۔ انہوں نے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمیں اس عظیم ہستی کی ولادت باسعادت کی خوشی منانے کے ساتھ ساتھ اپنی زندگیوں کا جائزہ لینے اور اسوہ؟ رسول ﷺ کو عملی طور پر اختیار کرنے کی دعوت دیتا ہے

بقیہ 19

خصوصاً نومولود بچوں کے لیے ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنا تھا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماں کا دودھ بچے کے لیے قدرتی، مکمل اور بہترین غذا ہے، جو بچے کی نشوونما، قوت مدافعت اور صحت مند مستقبل کے لیے بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے ماؤں پر زور دیا کہ بچے کی پیدائش کے بعد ابتدائی اوقات میں ماں کا دودھ پلانے اور پہلے چھ ماہ تک صرف ماں کا دودھ دینے کی اہمیت کو سمجھا جائے۔ مقررین نے کہا کہ بچوں میں غذائی کمی کا مسئلہ صرف صحت کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کی ترقی سے جڑا ہوا مسئلہ ہے، جس کے تدارک کے لیے محکمہ صحت، محکمہ تعلیم، ضلعی انتظامیہ، والدین، مذہبی رہنماؤں اور معاشرے کے تمام طبقات کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ مقررین نے کہا کہ بچوں میں غذائی کمی پر قابو پانے کے لیے ماں اور بچے کی مناسب غذائیت، بروقت طبی سہولیات، صاف پانی، صفائی ستھرائی اور والدین میں آگاہی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے آگاہی پروگرامز کے ذریعے معاشرے میں ماں کے دودھ کی اہمیت اور بچوں کی بہتر غذائیت کا پیغام زیادہ سے زیادہ خاندانوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر شرکاء کو ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ کی اہمیت، ماں اور بچے کی صحت اور غذائی ضروریات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی جبکہ خواتین نے بھی پروگرام میں بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 20

فراہم کی گئی، جبکہ 25 شدید زخمیوں کو مزید علاج کے لیے ڈیرہ غازی خان ریفر کر دیا گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ اور پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ ایس ایچ او لاسے زئی تھانہ انسپکٹر ظریف مری بھی موقع پر موجود رہے اور امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کی۔ حادثے کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کیا اور حادثے میں زخمی ہونے والے زیر علاج مریضوں کی عیادت کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شدید زخمیوں کو ڈیرہ غازی خان منتقل کرنے والی ایمبولینسز کے لیے ڈیزل فراہم کیا گیا، جبکہ متاثرہ افراد کے ورثاء کو نقد مالی امداد بھی فراہم کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے زخمیوں کو بروقت طبی امداد اور بہتر علاج کی فراہمی کے لیے ہسپتال انتظامیہ کو ضروری اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کی طرف سے بھی حادثے میں زخمی افراد کے لئے مالی امداد کا اعلان کیا گیا۔ حادثے کے باعث علاقے میں فضا سوگوار ہوگئی۔

بقیہ 21

ایگریکلچر عبدالقیوم زہری وومن ڈیولپمنٹ سینٹر کے انچارج روبینہ کریم ایس ڈی او بلڈنگ نیاز احمد زہری اور خضدار ڈسٹرکٹ کے متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں بالخصوص (BSDI) فیز ٹو اور فیز 3 کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں پر متعلقہ افسران کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی، صحت، ایجوکیشن، پی ایچ ای، اریگیشن، سی این ڈبلیو، لوکل گورنمنٹ، لائیو اسٹاک، ایگریکلچر اور دیگر محکموں کی منصوبوں کی پیش رفت اور درپیش مسائل سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے معیار کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے اور منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہ کی جائے۔ کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دے رہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ان سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں درپیش رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے، محکموں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید موثر بنایا جائے اور منصوبوں کو شفافیت، معیار اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کیا جائے۔ کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے مزید ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں ایسے منصوبوں کی بھی نشاندہی کی جائے جن کی تکمیل سے عوام کو فوری اور زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر مختلف ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے، نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنانے اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 22

ل کے افسران واہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں 12 ربیع الاول سے قبل ہی سیکیورٹی پلان مرتب کیا گیا تھا، جس کے تحت مذہبی جلوسوں کے روٹس، اہم شاہراہوں، حساس مقامات اور دیگر اہم تنصیبات پر سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران واہلکار پوری ذمہ داری کے ساتھ مختلف مقامات پر تعینات رہے

بقیہ 23

لیے الیکشن شیڈول کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے۔ انتخابات کو شفاف انداز میں منعقد کروانے کے لیے اسسٹنٹ انجینئر حاجی محمد ابراہیم زہری صاحب کو بطور ڈپٹی الیکشن کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے اہم نکات درج ذیل ہیں 25 اگست 2026 تا 08 ستمبر 2026 تک باقی ماندہ ڈسٹرکٹ ملازمین کی ممبرشپ مکمل کی جائے گی۔ اس تاریخ کے بعد کوئی ممبرشپ قبول نہیں ہوگی اور جن کے نام حتمی انتخابی فہرست میں شامل نہیں ہوں گے وہ ووٹ یا الیکشن میں حصہ نہیں لے سکیں گے ممبرشپ کے لیے دو عدد تازہ تصاویر شناختی کارڈ کی کاپی تازہ پے سلپ اور 250 روپے فیس (کمپیوٹرائزڈ کارڈ کے لیے) کے ساتھ فارم یونٹ کے موجودہ صدر/جنرل سیکرٹری کے ذریعے ضلعی آفس میں جمع کروانا ہوگا انتخابی فہرستوں کیلئے جمع شدہ فارم کا 10 ستمبر 2026 تک جانچ پڑتال کے بعد 14 ستمبر کو انتخابی فہرست ڈپٹی الیکشن کمشنر کے حوالے کی جائے گی۔ 15 ستمبر تا 17 ستمبر 2026 تک کاغذات نامزدگی فارم (بعوض 300 روپے ناقابل واپسی) ڈپٹی الیکشن کمشنر حاجی محمد ابراہیم زہری سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ پینل کی صورت میں کاغذات جمع کروانے کی آخری تاریخ 24 ستمبر 2026 دوپہر 00:12 بجے تک مقرر کی گئی ہے۔ 24 ستمبر کو ہی دوپہر 30:12 بجے تک پینل کی صورت میں کاغذات واپس لیے جاسکیں گے (انفرادی واپسی قابل قبول نہیں ہوگی)۔ دوپہر 30:01 بجے جانچ پڑتال اور 30:02 بجے امیدواروں کی فہرست جاری کی جائے گی جبکہ سہ پہر 30:03 بجے تک تحریری اعتراضات جمع کیے جاسکیں گے مورخہ 28 ستمبر 2026 (بروز سوموار) دوپہر 00:02 بجے اعتراضات پر فیصلے، انتخابی نشانات کی الاٹمنٹ اور حتمی فہرست جاری ہوگی پولنگ 08 اکتوبر 2026 (بروز جمعرات) صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک بلا تعطل جاری رہے گی۔ الیکشن کمشنر نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہر امیدوار کے لیے الیکشن فیس 1,000 روپے (ناقابل واپسی) ہوگی۔ اور الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ انتخابی مہم کے دوران کسی قسم کی کردار کشی اور لسانیت کی سخت ممانعت ہوگی۔ تمام انتخابی امور و معلومات کے لیے دفتری اوقات میں ڈپٹی الیکشن کمشنر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 24

ولیا۔ پرائس کمیٹی نے منی پٹرول پمپس کے پیمانے بھی چیک کیے دورے کے دوران گوشت کی دکانوں سمیت مختلف کاروباری یونٹس کا معائنہ کیا گیا۔ گوشت کی دکانوں میں گوشت کو جالی دار کپڑے سے ڈھانپ کر رکھنے کی ہدایات پر عمل نہ کرنے اور صفائی کے ناقص انتظامات پر کارروائی کرتے ہوئے نصف درجن کے قریب دکانیں سیل اور نصف درجن دکانداروں کو گرفتار کرلیا گیا۔ پرائس کنٹرول ٹیم نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کیے جائیں اور اشیائے ضروریہ مقررہ سرکاری نرخوں کے مطابق فروخت کی جائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے واضح کیا کہ گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی، غیر معیاری اشیاء کی فروخت اور صفائی کے اصولوں کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری اشیاء کی فراہمی اور مقررہ نرخوں پر خریداری یقینی بنانے کے لیے بازاروں میں نگرانی اور کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 25

ہرنائی ارشد حسین جمالی سے ان کے دفتر میں اہم اور اضطراری ملاقات کی۔ وفد نے مغوی ریٹائرڈ ٹیچر ہزار خان ترین کی عدم بازیابی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے فوری اور موثر کارروائی کا مطالبہ کیا ذرائع کے مطابق ریٹائرڈ ٹیچر ہزار خان ترین کو گزشتہ روز (26 اگست 2026) دوپہر تقریباً 30:12 سے 00:1 بجے کے درمیان نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا تھا۔ واقعے کے فوراً بعد علاقے میں خوف اور تشویش کی لہر دوڑ گئی، جس کے بعد قبائلی مقتدرین نے انتظامیہ سے رابطہ قائم کیا ملاقات کے دوران اسپانی ترین قبیلے کے معززین و رہنماؤں نے ڈپٹی کمشنر کے سامنے اپنے جذبات اور مطالبات رکھتے ہوئے کہا استاد ہزار خان ترین کا اغوا ایک انتہائی افسوسناک اور ناقابل برداشت واقعہ ہے ضلعی انتظامیہ اور سیکیورٹی ادارے تمام دستیاب وسائل کارآمد بناتے ہوئے مغوی کی جلد از جلد اور باحفاظت بازیابی کو یقینی بنائیں علاقے میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی اقدامات کو مزید سخت اور فعال بنایا جائے ڈپٹی کمشنر ہرنائی نے اسپانی ترین قبیلے کے وفد کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے انہیں مکمل تعاون اور سنجیدہ اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ واقعے کا سخت نوٹس لے چکی ہے اور تمام سیکیورٹی اداروں کو متحرک کر دیا گیا ہے مغوی کی محفوظ واپسی کے لیے سرچ آپریشنز اور تحقیقاتی کارروائیوں کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا ہے قانون شکن عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور جلد پیشرفت سامنے آئے گی۔ ضلعی انتظامیہ اور اسپانی ترین قبیلے کے درمیان اس اہم پیشرفت کے بعد علاقے میں صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جارہی ہے

بقیہ 26

علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر نے کہا کہ پاکستان کو دہشتگردی کی لعنت سے پاک کر کے دم لیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 27

کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا ہزارہ قوم نے کوئٹہ سمیت بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کیا ہے ڈاکٹر رمضان ہزارہ کی قیادت میں نیشنل پارٹی ہزارہ قوم میں روز بروز مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر شاوس حاصل بزنجو مرکزی ترجمان علی احمد لانگو ممبران مرکزی کمیٹی میر عبدالخالق بلوچ چیئرمین محراب بلوچ نیاز بلوچ ڈاکٹر رمضان ہزارہ سمیت دیگر دوستوں نے خطاب کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کی حکومت صوبے میں کہ، نظر نہیں آتی۔ عوامی نمائندے اپنے علاقوں میں جا نہیں سکتے۔ امن و امان کی بری صورتحال نے صوبے کو سیاسی و معاشی طور پر مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ قومی شاہراہ میں سفر کے قابل نہیں۔ عوام خورونوش اشیا کے حوالے سے شدید مشکلات کا شکار ہے بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان حکومت پوری طور پر کوئٹہ میں موجود لیکن کوئٹہ تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ پانی بجلی گیس عوام کو میسر نہیں۔ صفائی کی ناقص صورتحال نے شہر کو مختلف بیماریوں کا شکار کر دیا۔ شہر کے ہسپتالوں میں نہ ڈاکٹر اور نہ دوائی ملتی ہے تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات ناپید ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ 4 ستمبر علمدار روڈ کا جلسہ مری آباد و ہزارہ ٹاؤن سمیت کوئٹہ کے عوام کو درپیش مسائل و مشکلات اور بنیادی ضروریات کو اجاگر کرنے کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔ پارٹی کارکنان جلسہ کو کامیاب کرنے کے لیے موبلائزشن کو جاری رکھیں۔ اس موقع پر بی ایس او پجار کے مرکزی سیکرٹری جنرل ابرار برکت بلوچ ڈاکٹر طارق آغا حق نواز شاہ بلوچ نیشنل پارٹی کے صوبائی کسان سیکرٹری حاجی فاروق شاہوانی صوبائی انسانی حقوق سیکرٹری انیل غوری ممبران ورکنگ کمیٹی حاجی نعیم بنگلزئی کرنل فدائی رند ریاض زہری حنیف کاکڑ آغا زاہد بن شاہ آغا محمد شاہ نصر اللہ شاہوانی حاجی عزیز سرپرہ ثنا اللہ کھیازئی عارف کرد عثمان لانگو ارشاد لانگو مہدی ہزارہ رجب کھیازئی سمیت دیگر موجود تھے۔

بقیہ 28

ہنواز سریاب روڈ کے رہائشی میرے دو بھائی یونس اور سلمان گزشتہ 3 ماہ سے گھر سے غائب ہیں بہت تلاش کرنے پر کچھ معلوم نہیں ہو سکا اگر ان کا کسی کالعدم تنظیم یا ریاست مخالف گروہ سے تعلق ہوا تو ہمارا ان سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہوگا۔

بقیہ 29

یفک کی آمدورفت معطل ہوگئی۔

بقیہ 30

کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جعفرآباد میں کینالز کے ذریعے پانی ذخیرہ کیا جاتا ہے، تاہم ایک واٹر سپلائی اسکیم کو تاحال پانی فراہم نہ ہونے کے باعث پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور علاقہ مکینوں کو پانی کی ترسیل کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے، محکمہ عوام کو آب نوشی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہا ہے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ عوام کو آب نوشی کی فراہمی پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی اولین ذمہ داری ہے، پانی کی ترسیل میں حائل رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی، کینالز کے ذریعے واٹر سپلائی اسکیمز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اریگیشن، ضلعی انتظامیہ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے افسران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جارہی ہے

بقیہ 31

برج نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں تعینات افسران اپنے اپنے علاقوں کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور مجموعی بہتری کے لیے ذاتی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں گے۔ ہر افسر اپنے متعلقہ علاقے میں بیوٹیفیکیشن کے اقدامات کی نگرانی اور بروقت تکمیل کا ذمہ دار ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو صاف ستھرا، خوبصورت اور شہریوں کے لیے بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ شہر کے داخلی و اہم مقامات، سڑکوں، چوراہوں، گرین بیلٹس اور دیگر عوامی مقامات کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ ایڈمنسٹریٹر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ بیوٹیفیکیشن کے کاموں میں معیار اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور اپنے اپنے علاقوں میں جاری اقدامات کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے۔

بقیہ 32

ہوتا ہوا مین بازار پہنچا جہاں جلوس نے جلسے کی شکل اختیار کرلی۔ اس موقع پر علمائے کرام نے سیرت النبی ﷺ، ولادت باسعادت اور آپ ﷺ کی تعلیمات کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی جبکہ نعت خواں حافظ عبدالقادر قادری، حافظ اعجاز الحق قادری اور حافظ محمد عمران حبیبی نے بارگاہ رسالت ﷺ میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ تقریب میں مہمان خصوصی علامہ سید رحیم داد شاہ حبیبی اور مولانا خطیب حبیب احمد قادری سمیت علمائے کرام اور شہریوں نے شرکت کی۔ آخر میں مولانا مفتی غلام محی الدین قادری نے شرکاء اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ملک کی سلامتی، امن و امان اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی۔

بقیہ 33

اور میعاد و استعمال کا جائزہ لیا۔ کارروائی کے دوران مختلف دکانوں سے ایکسپائرڈ اشیاء، نان کسٹم سگریٹس اور گٹکا برآمد کر کے ضبط کر لیا گیا، جبکہ دکانداروں کو سختی سے ہدایت دی گئی کہ عوام کی صحت سے کھیلنے والی غیر معیاری، مضر صحت اور غیر قانونی اشیاء کی فروخت سے مکمل اجتناب کیا جائے۔ اس موقع پر خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو آئندہ محتاط رہنے اور حکومتی قوانین و ضوابط کی مکمل پابندی کی تنبیہ بھی کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر جیوانی نے مختلف ٹرانسپورٹ اڈوں اور ہوٹلز کا بھی دورہ کیا، جہاں صفائی ستھرائی کے انتظامات، کھانے پینے کی اشیاء کے معیار اور قیمتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ کاروباری افراد کو صفائی کے معیار میں بہتری لانے اور صارفین سے مقررہ نرخوں کے مطابق قیمتیں وصول کرنے کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر طارق امام نے کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور انہیں معیاری اشیاء کی دستیابی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی، زائد قیمتوں پر اشیاء کی فروخت، غیر معیاری و مضر صحت اشیاء اور غیر قانونی مصنوعات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ دورے کے موقع پر تحصیلدار جیوانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوامی مفاد میں بازاروں، پٹرول پمپس، ہوٹلز اور دیگر کاروباری مراکز کی نگرانی کا سلسلہ مزید موثر بنایا جائے گا تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول، معیاری اشیاء اور مناسب نرخوں پر ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 34

خیل، ٹھیکیدار ایم بی آئی کنسٹرکشن کمپنی کے اور فضل کریم مندوخیل، نوکل پرنس حاجی باز محمد دمڑ، محمد عرفان دمڑ، پی ایس ٹو صوبائی وزیر موسیٰ کاکڑ، ڈسٹرکٹ چیئرمین ستار کاکڑ، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، قبائلی رہنما غوث پانیزئی، حاجی محمد عظیم، ملک ایاز ژمیل، عزیز اللہ اور عمران پانیزئی، سردار عجب خان تارن اور حاجی اللہ نور سمیت متعلقہ محکموں کے افسران، زیارت اور سنجاوی کے معتبرین و معززین اور علاقے کے دیگر افراد موجود تھے

بقیہ 35

وں کو گرفتار کیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ اعجاز الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر جناح ٹاؤن پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد سبحان کے قبضے سے 1560 گرام چرس برآمد کرکے گرفتار کرلیا۔ بروری پولیس نے ملزم محبوب علی کو گرفتار کرکے 15 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے 12 بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کو بند کیں اور 5 افغان مہاجرین کو گرفتار کیا۔ صدر پولیس نے چار ملزمان کو گرفتار کیا جو پولیس کو مقدمات میں مطلوب تھے جن کے قبضے سے پسٹل اور ایک کلو چرس برآمد کی اس کے علاوہ خروٹ آباد پولیس نے 3 ملزمان اقبال، احسان اللہ اور ثناء اللہ کے قبضے سے موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ بمعہ راؤنڈ برآمد کئے ثناء اللہ سے پسٹل اور 1010 گرام چرس برآمد کیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 36

جانب ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ علاقے میں ایک ٹیوب ویل کی منظوری/اعلان بھی عوام کے لیے خوش آئند اقدام ہے، جس سے پانی کے مسائل میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں اور کھیلوں کے فروغ کے لیے علاقے کی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کو کرکٹ کٹس فراہم کرنے کا اعلان بھی قابل ستائش ہے۔ کھیلوں کی سہولیات اور نوجوانوں کی حوصلہ افزائی معاشرے میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ حاجی محمد نعیم بنگلزئی اور اہل علاقہ نے میر لیاقت علی لہڑی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ آئندہ بھی علاقے کے عوام کے مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 37

بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، اور کہا ہے کہ نومولود بچوں کی جانوں کا ضیاع ایسا درد ہے جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، ایسے دلخراش واقعے کو محض حادثہ قرار دے کر نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، یہ صورتحال ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ذمہ دار افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور انہیں کسی صورت جواب دہی سے بچنے نہ دیا جائے۔ ایسے سانحات کی روک تھام کے لیے موثر احتساب ناگزیر ہے۔

بقیہ 38

Award Selection Committee Member مقرر کیے جانے پر مختلف حلقوں کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی ہے۔ 26 اگست 2026 کو جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق ذوالقرنین خان جدون کو ایوارڈ سلیکشن کمیٹی کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ یہ تقرری رضاکارانہ اور اعزازی بنیادوں پر کی گئی ہے۔ مبارکباد دینے والوں نے امید ظاہر کی کہ ذوالقرنین خان جدون اپنی صلاحیتوں، تجربے اور مثبت سوچ کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کی حوصلہ افزائی اور ان کے انتخاب کے عمل میں اپنا موثر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز نہ صرف ذوالقرنین خان جدون کے لیے بلکہ ایبٹ آباد کے لیے بھی باعث فخر ہے۔ ان کی نئی ذمہ داری معاشرتی فکری اور قومی سطح پر مثبت کردار ادا کرنے کا ایک اہم موقع ہے۔

بقیہ 39

ائی ٹیچنگ ہسپتال میں سرد خانہ کی تعمیر ٹیچنگ ہسپتال میں ادویات کی کمی زادہ ڈیم کی تعمیر میں تاخیر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی سڑکوں کی بندش سے شہریوں اور مریضوں کو درپیش مشکلات محلہ کلی پٹرانی اور محلہ گوم میں پینے کے پانی کی قلت اور دیگر اہم مسائل اجاگر کیے گئے۔ تحصیلدار حاجی عبدالغفار لہڑی نے لوگوں کے مسائل توجہ سے سنتے اور انہیں فوری حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی سربراہی میں علاقے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لایا جائیگا۔

بقیہ 40

ل اور منشیات جیسی لعنت سے دور رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے لیے بہتر سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

بلوچستان کی ترقی میں اپوزیشن جماعتوں کو بھی اپنا بھرپور حصہ ڈالنا ہوگا، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے اپوزیشن رہنماؤں کی ملاقات

صوبائی حکومت نے اپوزیشن اراکین کے حلقوں میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری اور رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین نے جھالاوان ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی موجودہ سیاسی و ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین مینگل بھی موجود تھے ملاقات کے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر13)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا امریکہ کے کامیاب دورے کے بعد کوئٹہ پہنچنے پر گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے

سیرت طیبہ ﷺ صرف مسلمانوں ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے رحمت، رہنمائی اور فلاح کا جامع پیغام ہے

سیرت طیبہ انسانیت کیلئے مکمل ضابطہ حیات ہے، جمعیت (ف) کوئٹہ

حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات، اخلاق، عدل، رحم، برداشت، اخوت اور انسانیت سے محبت کو اپنی زندگیوں میں عملی طور پر اپنانا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کے امیر خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، حافظ محمد ابراہیم، مولانا عبدالرحمن رفیق، مولانا عبدالواسع، حاجی محمد، سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری، سیکرٹری جنرل، مولانا عبدالشکور حافظ، انسانیت پر اللہ تعالیٰ کا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر1)

بلوچستان میڈیا فورم کا 28 اگست کو یوم سیاہ منانے کا اعلان

اہل خانہ کے دکھ اور قربانی کا احساس پوری صحافتی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے

بھاگ (آن لائن) بلوچستان میڈیا فورم کا 28 اگست کو یوم سیاہ منانے کا اعلان، بلوچستان میڈیا فورم کے عہدیداران اور صحافیوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری جنرل عبداللہ، نائب صدر، مطلب، رمضان، سیکرٹری جنرل بلوچ عابد (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر2)

محکمہ زراعت کی جانب سے کسان کارڈ کی تقسیم کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آفس سبی میں تقریب

سبی (خ ن) محکمہ زراعت کی جانب سے کسان کارڈ کی تقسیم کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آفس سبی میں تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر سبی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت سمیت کسانوں نے شرکت کی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر12)

حاجی نور محمد دمڑ نے خانی بابا زیارت تا سنجاوی روڈ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

زیارت، سنجاوی اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو سفری سہولیات کے ساتھ ساتھ تجارتی، کاروباری اور روزگار کے نئے مواقع میسر آئیں گے، امید

زیارت، سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے خانی بابا زیارت تا سنجاوی روڈ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس اہم منصوبے کی تکمیل سے علاقے کے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر3)

ناقص خوراک کے خلاف بی ایف اے کی کارروائیاں بلاتعطل جاری

مختلف اضلاع میں 20 یونٹس جرمانہ، کوئٹہ میں ایک مصالحہ یونٹ سیل کردی

فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک کی ہدایات پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے صوبے کے مختلف اضلاع میں کارروائیاں کرتے ہوئے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر11)

خواتین پارلیمنٹیرینز کاکس ارکان کی چیئرپرسن نورین بانو لہڑی سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) خواتین پارلیمنٹیرینز کاکس کے ارکان نے چیئرپرسن نورین بانو لہڑی سے ملاقات کی (NCSW) (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر10)

اے سی سریاب کی انسداد تجاوزات کارروائی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے سریاب روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر14)

نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے بلدیاتی نمائندہ وفد کی ملاقات

فنڈز کا اجراء نہ ہوا تو بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاجی دھرنا سمیت احتجاج کا راستہ اختیار کرینگے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے بلدیاتی نمائندوں کے وفد نے ملاقات کی اور مالی سال 2026-27 کے فنڈز کے اجراء کا مطالبہ کیا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر15)

آپریشن کے ذریعے بلوچستان کو خون میں نہلایا تو جاسکتا ہے، نیشنل پارٹی

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اور اس کا پائیدار حل طاقت نہیں بلکہ بامعنی سیاسی مذاکرات میں مضمر ہے، علی احمد لانگو

آمریت کے سہارے طاقت اور غرور کے نشے میں جنرل پرویز مشرف کا کردار تاریخ کا ایک تاریک باب بن چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما علی احمد لانگو نے کہا ہے کہ تاریخ کا ایک تاریک باب بن چکا ہے۔ انسانی تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی طاقت کے نشے میں فیصلے کیے گئے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر16)

عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، سائرہ عطا

ترقیاتی اسکیموں کی بروقت تکمیل سے ہی عوام کو بہتر سہولیات میسر آسکیں گی

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر اوتھل دورے کے موقع پر مختلف ترقیاتی منصوبوں اور کمشنر کمپلیکس کی آفس مختلف شعبہ جات، سول 50 بیڈڈ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل، بائی پاس روڈ منصوبے اور ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں پر پیشرفت سے متعلق حکام سے بریفنگ لی اور ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر4)

اسسٹنٹ کمشنر خضدار اور اسسٹنٹ کمشنر کا شہر کے مختلف بازاروں کا اچانک دورہ

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے ا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر9)

شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور شہریوں کو بہتر میونسپل سہولیات کی فراہمی کیلئے کارروائیاں جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بڑیچ کی ہدایت پر شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور شہر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر8)

ڈپٹی کمشنر کی کھلی کچہری عوامی مسائل کے انبار لگ گئے

ہمارے لیے ضلع کچھی کے تمام علاقوں کو یکساں اہمیت حاصل ہے، ممتاز کھیتران

ڈھاڈر (خ ن) ڈپٹی کمشنر کچھی ممتاز کھیتران نے کہا ہے کہ ہمارے لیے ضلع کچھی کے تمام علاقوں کو یکساں اہمیت حاصل ہے کھلی کچہری میں اٹھائے گئے مسائل کو فوری حل کی طرف لے جانے کے لیے تمام محکموں اور اداروں کے باہمی تعاون کو یقینی بنائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی سی آفس کے سبزہ زار پر کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بلدہ (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر5)

معیاری اور اعلیٰ تعلیم کے بغیر کوئی بھی خطہ جدید دنیا کے چیلنجز کا مقابلہ نہیں کرسکتا، میر عبدالرحیم کرد

خضدار (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق میئر خضدار میر عبدالرحیم کرد نے ڈاکٹر سہراب بزنجو کو "شہید سکندر یونیورسٹی" کے بانی وائس چانسلر کے طور پر تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے اس (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر7)

ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، سینیٹر محمد عبدالقادر

سانحہ پمز میں 14 نومولود بچوں کی ہلاکت نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اسلام آباد کے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کے مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ وارڈ میں آتشزدگی کے نتیجے میں 14 نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ محض ایک افسوسناک حادثہ نہیں بلکہ ہسپتال کے حفاظتی انتظام، انتظا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر6)

کوئٹہ، اے سی سٹی محمد حمزہ، ایس پی آصف غفور کا عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اہلکاروں کے ہمراہ جلوس کی نگرانی کر رہے ہیں

کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی کی زیر صدارت اجلاس

مکمل ہونے والے منصوبوں پر متعلقہ افسران کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے مزید ہدایت دی کہ آئندہ اجلاس میں ایسے منصوبوں کی بھی نشاندہی کی جائے

خضدار (خ ن) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی کی زیر صدارت (BSDI) اور (PSDP) کمیٹی 2026 اور 2027 کے فیز تو فیز تھری کے ترقیاتی منصوبوں صحت ایجوکیشن اور دیگر محکموں کی ماہانہ کارکردگی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالقیوم عمرانی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر نیاز اللہ سالاری ایکسین پی ایچ ای عبدالرؤف قمرانی ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال خضدار ڈاکٹر شیر احمد مینگل ایکسین بی اینڈ آر قاضی عتیق الرحمن ایکسین سجاد احمد ڈپٹی ڈائریکٹر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر21)

لورالائی کے ڈسٹرکٹ اور ڈپٹی پولیس افسران نے عوام کو ڈاکوؤں، دہشتگردوں اور چوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا

لورالائی (آن لائن) لورالائی کے ڈسٹرکٹ اور ڈپٹی پولیس افسران نے اپنی طرف سے ضلع بھر کے پولیس تھانوں، پولیس لائنز، پولیس چوکیوں اور پولیس گشت کے بعد ڈاکوؤں، دہشت (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر17)

کوہلو: باراتیوں کی گاڑی کو حادثہ، 42 افراد زخمی، ایک خاتون جاں بحق

کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کی طرف سے بھی حادثے میں زخمی افراد کیلئے مالی امداد کا اعلان

کوہلو (آن لائن) کوہلو ڈی جی خان شاہراہ پر لاسے زئی کے مقام پر باراتیوں سے بھری گاڑی تیز رفتاری کے باعث حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 42 افراد زخمی جبکہ ایک خاتون جاں بحق ہوگئی۔ حادثے کے فوراً بعد زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔ ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو ڈاکٹر اصغر مری کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے 17 افراد کو ڈی ایچ کیو ہسپتال میں طبی امداد (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر20)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کا جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر خصوصی پیغام

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے جشن عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی آمد مبارک اللہ تعالیٰ کی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر18)

محکمہ صحت کے زیر اہتمام اور یونیسیف کے تعاون سے سرکٹ ہاؤس سیوی میں آگاہی سیمینار

سیوی (خ ن) ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ کے حوالے سے بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ محکمہ صحت کے زیر اہتمام اور یونیسیف کے تعاون سے سرکٹ ہاؤس سیوی میں آگاہی سیمینار منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر حاجی بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر ہارون، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو سمیت مختلف ڈیلی محکموں کے افسران، نمائندگان اور کثیر تعداد میں خواتین نے شرکت کی۔ سیمینار کا مقصد ماں اور بچے کی صحت، غذائیت اور (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر19)

جس کے نتیجے میں عید میلاد النبی ﷺ کے مذہبی جلوس پُرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوئے، معاون برائے داخلہ بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر داخلہ کی ہدایت پر 12 ربیع الاول کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات

الحمدللہ صوبے بھر میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکیورٹی کے حوالے سے غیر معمولی اور قابل تعریف انتظامات کیے گئے تھے

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے 12 ربیع الاول کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ صوبے بھر میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکیورٹی کے حوالے سے غیر معمولی اور قابل تعریف انتظامات کیے گئے تھے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے انتہائی ذمہ داری، فرض شناسی اور جذبہ خدمت کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیے، جس پر وہ پولیس، ایف سی اور دیگر سیکیورٹی ادارو (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر22)

کوئٹہ، معاون خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی 12 ربیع الاول کے مرکزی جلوس میں شریک ہیں

ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

سڑکوں کی بندش سے شہریوں اور مریضوں کو درپیش مشکلات کی شکایات

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے وژن اور وزیر داخلہ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوامی مسائل سننے اور انکے حل سے متعلق سفارشات مرتب کرنی تھیں۔ اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر میں م تحصیلدار حاجی عبدالغفار لہڑی کے زیر صدارت منعقدہ کھلی کچہری میں علاقہ عمائدین ایس ایچ او ٹی میر نذیر عمرانی سمیت تمام محکموں کے سربراہان سیاسی سماجی رہنماؤں اور صحافی برادری نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں شہر میں امن وامان کی صورتحال شہر میں صفائی ستھر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر39)

ایبٹ آباد کی معروف سماجی و فکری شخصیت ذوالقرنین خان جدون کو ایوارڈ کمیٹی کا رکن مقرر کیے جانے پر مبارکباد

کراچی/ایبٹ آباد (آن لائن) بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک (Balochistan International Think Tank) کی جانب سے ایبٹ آباد سے تعلق رکھنے والی معروف سماجی و فکری شخصیت ذوالقرنین خان جدون کو (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر38)

حاجی محمد نعیم بنگلزئی کا عوامی سہولیات کی فراہمی پر میر لیاقت علی لہڑی کا شکریہ

حوصلہ افزائی معاشرے میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کی ورکنگ کمیٹی کے رکن حاجی محمد نعیم بنگلزئی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے کلی رند آباد کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے نہ تھک، سیوریج کے نظام اور گلی، گلی نمبر 2 اور 3 کے لیے 200 KV ٹرانسفارمر کی منظوری دے کر عوامی خدمت کا ایک اہم اور قابل تحسین قدم اٹھایا ہے۔ حاجی محمد نعیم بنگلزئی نے کہا کہ علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر36)

لیپکا کوئٹہ کے برائے سال 2026-28 کے انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن شیڈول کا باقاعدہ اعلان

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (لیپکا) ضلع کوئٹہ کے ترجمان کے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق لیپکا کوئٹہ کے الیکشن کمشنر ارباب عبدالخالق کاسی نے لیپکا میٹروپولیٹن کارپوریشن یونٹ کوئٹہ کے برائے سال 2026-28 کے انتخابات کے انعقاد کے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر23)



کوئٹہ، عید میلاد النبی کی پیدائش کے دن) کی مناسبت سے نکالی جانے والی ریلی میں بڑی تعداد میں لوگ شریک ہیں

سردار کوہیار خان ڈومکی کی خصوصی فنڈز سے ہاکی اسٹیڈیم کا کام مکمل

خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے، صوبائی وزیر

سیوی (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی کی خصوصی فنڈز سے ہاکی اسٹیڈیم کا کام مکمل کر لیا گیا۔ اس منصوبے سے علاقے کے نوجوانوں کو کھیلوں کی بہتر اور معیاری سہولیات میسر آئیں گی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے مختلف عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ کھیل نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرتے کے ساتھ ساتھ برے ماحو (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر40)

ایسے سانحات کی روک تھام کیلئے موثر احتساب ناگزیر ہے، پروفیسر ڈاکٹر رضوانہ ترین

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کی صدر پروفیسر ڈاکٹر رضوانہ ترین اور پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ جنرل سیکرٹری ڈاکٹر پارس شہزاد نے اور دیگر نے پمز اسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے میں 14 معصوم بچوں کی جاں (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر37)

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں، سنیچر اور سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی

11 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، اسلحہ ایمونیشن، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، سنیچر اور سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، اسلحہ، ایمونیشن، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی جبکہ ایک درجن سے زائد گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور ایک درجن سے زائد بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کو بند کر کے غیر قانونی طور پر رہائش پذیر متعدد افغان باشند (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر35)

لورالائی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی نگرانی میں شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ

لورالائی (خ ن) لورالائی میں پرائس کنٹرول کمیٹی نے اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی نگرانی میں شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پرائس کنٹرول ٹیم نے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، معیار، سرکاری نرخ ناموں اور دکانوں میں صفائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر24)

اسپانی ترین قبیلے کے اعلیٰ سطحی وفد کی ڈپٹی کمشنر ہرنائی سے ملاقات

مغوی ریٹائرڈ ٹیچر ہزار خان ترین کی عدم بازیابی پر شدید تشویش کا اظہار

ہرنائی (آن لائن) ضلع ہرنائی میں امن و امان کی صورتحال اور ریٹائرڈ استاد کے اغوا کے معاملے پر اسپانی ترین قبیلے کے ایک اعلیٰ سطحی 20 سے 25 رکنی وفد نے ڈپٹی کمشنر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر25)

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وزیراعظم، اسلحہ، گولہ بارود برآمد

سیکیورٹی فورسز کے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، 11 دہشتگرد ہلاک

پاکستان کو دہشتگردی کی لعنت سے پاک کر کے دم لیں گے، صدر، سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت ہمارا سرمایہ افتخار ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد، بنوں، جنوبی وزیرستان، خضدار، راولپنڈی (آن لائن) سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائیاں جاری ہیں اور جنوبی وزیرستان اور بنوں جبکہ بلوچستان کے ضلع خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 11 دہشتگرد جہنم واصل کر دیے۔ صدر آصف (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر26)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان اور ڈی جی پی ڈی ایم اے کی ہدایت پر پی ڈی ایم اے ریسکیو کے ڈپٹی ڈائریکٹر اصغر علی جمالی عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر نکالی گئی ریلیوں کی نگرانی کر رہے ہیں

اے سی جیوانی طارق امام کا جیوانی بازار کا تفصیلی دورہ

مقررہ نرخوں سے زائد قیمت لینے پر 3 پٹرول پمپس کو سیل کر دیا

گوادر، جیوانی (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر تقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوام کو معیاری اشیاء کی فراہمی، مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کے موثر نظام کو یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے جیوانی بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف پٹرول پمپس کا معائنہ کیا اور مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر پٹرولیم مصنوعات کی فروخت پر 3 پٹرول پمپس کو سیل کر دیا۔ انہوں نے دکانداروں اور کاروباری مراکز کا بھی معائنہ کرتے ہوئے اشیائے خورد و نوش کے معیار، نرخ ناموں (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر33)

نوکنڈی میں جشن عید میلاد النبی ﷺ جوش و خروش سے منایا گیا

نوکنڈی (آن لائن) دیگر شہروں کی طرح نوکنڈی میں بھی جشن عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ مرکزی جامعہ غوثیہ رضویہ تحصیل روڈ سے جشن میلاد کا جلوس برآمد ہوا جو کلی زور آباد بائی پاس سے گزرتا ہوا شہر کی مختلف گلیوں سے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر32)

ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس

شہر کی خوبصورتی اور صفائی کے حوالے سے غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی

شہریوں کیلئے بہتر ماحول فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کے مطابق ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ نے میٹروپولیٹن آفس میں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی، صفائی اور بیوٹیفکیشن کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر31)

میر شاہ اص حاصل بزنجو کی صدارت میں 4 ستمبر علمدار روڈ کے جلسے کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر شاہ اص حاصل بزنجو کی صدارت میں 4 ستمبر علمدار روڈ کے جلسہ (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر27)

خالد خان کی زیر صدارت عوام کو آب نوشی کی فراہمی اور درپیش مسائل کے تدارک کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت عوام کو آب نوشی کی فراہمی اور درپیش مسائل کے تدارک (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر30)

میرے 2 بھائی گزشتہ 3 ماہ سے غائب ہیں، محمد یوسف

سلمان گزشتہ 3 ماہ سے گھر سے غائب ہیں بہت تلاش کرنے پر کچھ معلوم نہیں ہو سکا

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے رہائشی محمد یوسف نے کہا ہے کہ میرے 2 بھائی گزشتہ 3 ماہ سے غائب ہیں ان کے بارے میں کچھ معلومات نہیں اگر ان کا کالعدم تنظیم یا ریاست مخالف گروہ سے تعلق ہے تو میرا اور میرے خاندان ان سے کوئی تعلق نہیں یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم محلہ کلی شا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر28)

مستونگ کے علاقے میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر واقع 2 پلوں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر واقع 2 پلوں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے پلوں کو شدید نقصان پہنچا اور ٹریفک کی آمد و رفت معطل ہوگئی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے کوئٹہ کراچی شاہراہ پر درینگڑھ کے قریب اور دوسرے مقام پر دو پلوں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس سے پلوں کو نقصان پہنچا جس سے ٹر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر29)

پولیس کی کارروائی ملزمان گرفتار موٹر سائیکل، منشیات اور اسلحہ برآمد

کوئٹہ (آن لائن) انڈسٹریل پولیس نے موٹر سائیکل سنیچرز اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرکے موٹر سائیکل، منشیات اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر34)

کوئٹہ، جماعت اہلسنت بلوچستان کی جانب سے علماء کرام علامہ شہزاد عطاری، مختار احمد حبیبی، علامہ احمد رضا قمرانی، صغیر قادری، حمید اللہ، محمد اشرف منان چوک پر اختتامی دعا کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com